# باب نمبرا

## تعلیم

### تعلیم کا لغوی مفہوم بیان کریں۔

لغوی مفہوم کے مطابق لفظ تعلیم عربی زبان کے لفظ علم سے نکلا ہے جسکے معنی جاننا پہچاننا یا معلومات رکھنا ہیں۔ اس اعتبار سے تعلیم کے معنی پڑھانا اور سکھانا ہیں۔

### تعلیم کا اصطلاحی مفہوم بیان کریں۔

تعلیم ایک ایسا معاشرتی عمل ہے جو افراد کی صلاحیتوں کی نمو اور انہیں انسانی علمی ورثہ سے آگاہ کر کے متوازن معاشرے میں کامیاب زند گی گزارنے کے قابل بنانا ہے۔

### لفظ ایجوکیشن کا ماخوذ کیا ہے

تعلیم کے لیے انگریزی زبان میں استعمال ہونے والا لفظ Education لاطینی زبان کے دو الفاظ

Educare اور Educare سے ماخوذ ہے۔

**Educere** اظہار کرنا باہر نکالنا بروئے کار لانا

**Educare** پروان چڑھانا نشوونما کرنا اجاگر کرنا

### تعلیم کی جامع تعریف بیان کریں۔

تعلیم ایک ایس معاشرتی عمل ہے جو طالب علم کے تمام صلاحیتوں کے اظہار اور ہمہ پہلو نشوونما کے نتیجے میں اسکی شخصیت کی تکمیل کرتا ہے اور اسکی سیرت و کردار کی اسطرح تعمیر و تشکیل کرتا ہے کہ وہ معاشرے میں اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی ایک کامیاب شہری کی حیثیت سے بسر کرنے کے قابل ہو جائے۔

### سقراط نے تعلیم کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی ہے؟

تعلیم سچائی، حسن اور خیر جیسے اصولوں کی تلاش کا عمل ہے۔

### افلاطون کے مطابق تعلیم کیا ہے؟

تعلیم صحت مند معاشرے کی تنظیم کا ایسا عمل ہے جسکی بنیاد فرد کی صلاحیتوں کی نمو پر ہے۔

### ارسطو کے مطابق تعلیم کیا ہے؟

تعلیم فرد کی جسمانی، اخلاقی اور انسانی نمو کا ایسا عمل ہے جسکا مقصد انفرادی اور اجتماعی تکمیل ہے۔

### جان ڈیوی نے تعلیم کا مفہوم کن الفاظ میں بیان کیا ہے؟

تعلیم تجربے کی تعمیر نو اور تنظیم نو کا عمل ہے جس سے تجربے کے معنی میں اضافہ ہوتا ہے اور جس سے مستقبل کی سرگرمیوں اور تجربات کی راہ متعین کرنے کی صلاحیتوں میں اضافہ ہوتا ہے

### انسانی صلاحیتیں کتنی ہیں اور کون کونسی ہیں؟

انسانی صلاحیتیں چھ ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔

1: جسمانی صلاحیتیں

2: ذہنی اور فکری صلاحیتیں

3: معاشرتی صلاحیتیں

4: جذباتی صلاحیتیں

5: اخلاقی صلاحیتیں

6: روحانی صلاحیتیں

**اسلامی نقطہ نظر سے تعلیم کا کیا مقصد ہے؟**

اسلامی نقطہ نظر سے تعلیم کا مقصد معاشرے کی نوخیز نسلوں کی تکمیل ذات، آداب معاشرت، اخلاق حسنہ اور صحیح تصور کائنات کی تربیت دینا ہے۔

تعلیم ہی انسان کو خدا شناس خود شناس اور کائنات شناس بناتی ہے۔

**علامہ اقبال نے تعلیم کا مفہوم کن الفاظ میں بیان کیا ہے؟**

تعلیم ایک ایسی سرگرمی ہے جسکے نتیجے میں کوئی فرد تعمیر خودی اور تکمیل خودی کی منزل پاتا ہے

**شاہ ولی اللہ کی پیش کردہ تعلیم کی تعریف بیان کریں۔**

تعلیم ایسا عمل ہے جسکے ذریعے فرد میں خیر و شر کا شعور پیدا کر کے خیر سے محبت اور شر کیلیئے نفرت پیدا کی جاتی ہے۔

**تعلیم کے عناصر سے کیا مراد ہے؟**

تعلیم کے عناصر سے مراد وہ اجزاء ہیں جنکا باہمی ربط عمل تعلیم کو ایک باسعی اور بامقصد سرگرمی بنانا ہے۔ ان عناصر کے وجود سے ہی دنیا کا کوئی بھی نظام تعلیم عملی صورت حاصل کرتا ہے۔

**تعلیم کے عناصر کتنے ہیں اور کونسے ہیں؟**

1: متعلم

2: معلم

3: نصاب

4: تعلم

5: تدریس

6: معاشرہ

**عمل تعلیم کی کامیابی کے لیے معلم کیلیئے کن بنیادی باتوں کا علم ہونا ضروری ہے؟**

1 عمل تعلیم کی کامیابی کے لیے معلم کے لیے یہ جاننا ضروری ہے کہ طالب علم کی صلاحیتیں اور دلچسپیاں کیا ہیں؟

2 طالب علم کی نفسیاتی اور معاشرتی ضروریات کیا ہیں

**نصاب کا لغوی مفہوم بیان کریں۔**

نصاب کے لغوی معنی "راستہ" کے ہیں۔ یعنی وہ راستہ کس پر چل کر طالب علم اپنی منزل طے کر سکتا ہے۔ نصاب کو انگریزی میں کری کلم کہتے ہیں۔

**نصاب کا اصطلاحی مفہوم بیان کریں۔**

نصاب ان تمام سرگرمیوں، تجربات مشاہدات اور مہارتوں کا مجموعہ ہے جو مقاصد تعلیم کے حصول کے لیے تعلیمی ادارے کے اندر یا باہر اساتذہ کی نگرانی میں طلبہ کے لیے تجویز کیا جاتا ہے۔

**نصاب کے دو بڑے اجزا تحریر کریں۔**

نصاب کے دو بڑے اجزادرج ذیل ہیں۔

1: مواد نصاب (تعلیمی مواد)

2: ہم نصابی سرگرمیاں

**مواد نصاب سے کیا مراد ہے؟**

مواد نصاب سے مراد ہے علم کا وہ مجموعہ ہے جسے انسان نے ہزاروں سالوں پر محیط تجربات، مشاہدات اور تحقیقات کے نتیجے میں مختلف ذرائع علم سے حاصل کیا ہے۔

**ہم نصابی سرگرمیوں سے کیا مراد ہے؟**

ہم نصابی سرگرمیاں نصاب تعلیم کا دوسرا اہم حصہ ہیں جو تعلیمی ادارہ میں مختلف سرگرمیوں کی صورت میں طلبہ کی شخصیت کی تعمیر و تشکیل میں اہم کردار ادا کرتا ہے

**اچھے نصاب کی تین اہم خصوصیات بیان کریں۔**

اچھے نصاب کی تین اہم خصوصیات درج ذیل ہیں۔

1: اچھا نصاب مقاصد تعلیم سے اہم آہنگ ہوتا ہے۔

2: اچھا نصاب طلبہ کی ذہنی صلاحیتوں کے مطابق ہوتا ہے۔

3: اچھے نصاب میں مستقبل کے تقاضوں کی تکمیل کے لیے لچک کی گنجائش ہوتی ہے۔

**متعلم سے کیا مراد ہے (یا) متعلم کسے کہتے ہیں؟**

متعلم سے مراد وہ فرد ہے جو اپنی صلاحیتوں کی نمو اور کردار کی تربیت کے لیے کسی نظام تعلیم کا باقاعدہ حصہ بنتا ہے۔ متعلم ہی وہ فرد ہے جسکے لیے تعلیم کا عمل انجام پاتا ہے۔

**تعلم سے کیا مراد ہے؟**

تعلم انسانی شخصیت کے کسی پہلو میں وقوع پذیر ہونے والی تبدیلی ہے جو جسمانی، اخلاقی، روحانی اور کرداری بھی ہو سکتی ہے۔

**تدریس سے کیا مراد ہے؟**

تدریس سے مراد ایسا عمل ہے جسکے ذریعے تعلم کے لیے آمادگی اور ترغیب پیدا کی جاتی ہے۔ بعض ماہرین کے خیال میں تدریس ایسا عمل ہے جسکے ذریعے معلم (استاد) معلومات اور مہارتیں طلبہ تک منتقل کرتا ہے

**موثر تدریس کی تین اہم خصوصیات درج ذیل ہیں۔**

**موثر تدریس کی تین اہم خصوصیات درج ذیل ہیں۔**

1: موثر تدریس طلبہ کی ذہنی صلاحیتوں سے ہم آہنگ ہوتی ہے۔

2:موثر تدریس طلبہ کے لیے آسان اور دلچسپ ہوتی ہے۔

3:موثر تدریس طلبہ میں مطلوبہ کرداری تبدیلیاں پیدا کرتی ہے۔

**تعلیم کے دائرہ عمل سے کیا مراد ہے؟**

تعلیم کے دائرہ عمل سے مراد انسانی شخصیت میں پیدا ہونے والی تبدیلیوں کی وہ حد اور نوعیت ہے جو تعلیمی عمل کے نتیجے میں پیدا ہوتی ہے۔

**تعلیم کے ذریعے انسانی کردار میں کونسی تبدیلیاں پیدا ہوتی ہیں؟**

تعلیم کے ذریعے انسانی کردار میں تین طرح کی تبدیلیاں پیدا ہوتی ہے

1: وقوفی تبدیلی

2: تاثراتی تبدیلی

3:مہاراتی تبدیلی

**وقوفی تبدیلی کے چار اہم عناصر تحریر کریں**

وقوفی تبدیلی کے اہم عناصر درج ذیل ہیں۔

1: وقوفی تبدیلی کا تعلق معلومات اور تصورات سے ہوتا ہے۔

2:طالب علم کو نئی اشیاء کے بارے میں معلومات حاصل ہونا۔

3:حاصل شدہ معلومات کو ذہن میں محفوظ کرنا۔

4:حافظہ کی مدد سے ان معلومات کو دہرانا۔

5:اشیاء کے مختلف اجزاء کا باہمی تعلق معلوم کرنا۔

**تاثراتی تبدیلی سے کیا مراد ہے؟**

تاثراتی تبدیلی سے مراد تعلیم کے نتیجے میں فرد کے کردار اور رویوں میں مطلوبہ مثبت تبدیلیاں واقع ہونا ہے مثلاً کسی شخص کی سگریٹ نوشی سے نفرت تاثراتی تبدیلی کی ایک سادہ مثال ہے۔

**مہاراتی (مہارتی) تبدیلی سے کیا مراد ہے؟**

مہاراتی تبدیلی سے مراد ہے عملی طور پر سرگرمی میں حصہ لینے کی صلاحیت حاصل کرنا ہے۔اسی تبدیلی ہی کی بدولت فرد کسی کام کو سرانجام دیتا اور اپنے سابقہ تجربات میں بہتری پیدا کر کہ اسے زیادہ بہتر انداز میں انجام دینے کی کوشش کرتا ہے۔

**تعلیم کے وظائف کتنے اور کونسے ہیں؟**

**ماہرین تعلیم نے تعلیم کے تین بنیادی اور اہم ترین وظائف بیان کیے ہیں؟**

1: ثقافتی و تہذیبی ورثہ کا تحفظ اور منتقلی

2: فرد کی بنیادی ضرویات کی تکمیل

3: معاشرتی زندگی کی تشکیل نو

**رسمی تعلیم سے کیا مراد ہے؟**

ایسی تعلیم جو باقاعدہ تعلیمی اداروں میں طے شدہ مقاصد کے حصول کے لیے منصوبہ بندی کے ساتھ جاری ہو۔

**غیر رسمی تعلیم سے کیا مراد ہے؟**

ایسی تعلیم جو فرد رسمی اور نیم رسمی اداروں کی بجائے اپنے والدین، ماحول اور معاشرے سے حاصل کرتا ہو۔

**نیم رسمی تعلیم سے کیا مراد ہے؟**

ایسی تعلیم جس میں افراد معاشرہ کی تربیت کی تعلیم و تربیت کیلیئے تعلیمی اداروں کی بجائے ذرائع ابلاغ کا استعمال کرتا ہو یہ تعلیم خاص طور پر ان لوگوں کو دی جاتی ہے جو کسی وجہ سے رسمی تعلیم حاصل نہیں کر سکتے۔

## باب نمبر2

# مقاصد تعلیم

**نظام تعلیم سے کیا مراد ہے؟**

نظام تعلیم سے مراد تعلیم سے متعلقہ عناصر کا ایسا مجموعہ ہے جو باہمی طور پر مربوط اور منظم انداز میں تسلسل کے ساتھ مقاصد کے حصول کے لیئے ایک یونٹ کی شکل میں کام کرتا ہے۔

**نظام تعلیم کے چار اہم اجزا تحریر کریں۔**

نظام تعلیم کے چار اہم اجزا درج ذیل ہے۔

1: مقاصد تعلیم

2: نصاب تعلیم

3: حکمت تدریس

4: نظام امتحان

**مقاصد تعلیم سے کیا مراد ہے؟**

مقاصد تعلیم سے مراد ہے وہ قومی خواہشات اور انفرادی ضروریات ہیں جنکی تکمیل کیلے دنیا کا کوئی بھی نظام تعلیم جنم لیتا ہے۔

**پاکستان کے نظام تعلیم میں مقاصد تعلیم کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟**

نظریاتی مملکت پاکستان کے نظام تعلیم میں مقاصد تعلیم کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1 روحانی واخلاقی مقاصد

2: ذہنی وعلمی مقاصد

3: معاشی وپیشہ ورانہ مقاصد

4: سماجی وثقافتی مقاصد

**رضائے الٰہی کا مفہوم بیان کریں۔**

رضائے الٰہی سے مراد قرآن وسنت کی تعلیمات کے مطابق زندگی گزار کر اللہ کی خوشنودی کے حصول کی منزل کا حاصل ہونا ہے۔

**معرفت الٰہی سے کیا مراد ہے؟**

معرفت الٰہی سے مراد انسان کا اس عظیم ہستی سے متعارف کرنا ہے جو اسکا خالق اور مالک ہے۔

**اطاعت الٰہی کا مفہوم بیان کریں۔**

اطاعت الٰہی سے مراد ہے انسان کا اپنی خواہشات ترک کر کے خدائی خواہشات کی تکمیل کرنا ہے۔

**ذرائع علم سے کیا مراد ہے؟**

ذرائع علم سے مراد وہ وسائل اور طریقے ہیں جن کے ذریعے علم ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتا ہے۔

**تعلیم کا اہم ترین مقصد لکھیں۔**

تعلیم کا اہم ترین مقصد قوم کے افراد کی صلاحیتوں کی قومی نظریہ حیات کے مطابق نمو اور انھیں معاشرے کا مفید کارکن بنانا ہے۔

**تعلیم کے روحانی مقاصد سے کیا مراد ہے؟**

تعلیم کے روحانی مقاصد سے مراد ایسے مقاصد تعلیم ہیں جن کے ذریعے قومی فلسفہ حیات اور قومی اقدار و روایات نئی نسل کے کردار کا حصہ بنائی جاتی ہیں۔

**فلسفہ سے کیا مراد ہے؟**

فلسفہ ایک ایسی سرگرمی ہے جس میں عقلی استدلال سے کائنات کی سچائیاں تلاش کی جاتی ہیں۔

**فلسفہ اور تعلیم کا باہمی تعلق دو نکات سے بیان کریں۔**

1: فلسفہ تعلیم کو فکری بنیاد فراہم کرتا ہے۔

2: فلسفہ تعلیم کو اسکے مقاصد سے آگاہ کرتا ہے۔

**تعلیم کے معاشی مقاصد سے کیا مراد ہے؟**

اس سے مراد ایسے مقاصد ہیں جنکا انفرادی اور اجتماعی معاشی ترقی سے ہوتا ہے۔ ان مقاصد کا حصول معاشرتی استحکام کے لیے بے حد اہم ہوتا ہے۔

**تعلیم کے پیشہ ورانہ مقاصد سے کیا مراد ہے؟**

اس سے مراد ایسی مقاصد ہیں جنکا تعلق قوم کے افراد کو مختلف شعبوں سے متعلقہ مہارتوں سے لیس کر کے ہنر مند افرادی قوت کی تیاری سے ہوتا ہے۔

**عام تعلیم سے کیا مراد ہے؟**

عام تعلیم سے مراد ہے معاشرے کے افراد کے لیے ترتیب دیئے گے ایسے تعلیمی پروگرام ہیں جنکا مقصد عقائد و نظریات، تہذیب و ثقافت اور قدار و روایات کی اشاعت، حفاظت اور منتقلی سے ہوتا ہے۔

**عام تعلیم کے کتنے درجات ہیں؟**

عام تعلیم کے تین درجات ہیں۔

1: ابتدائی یا ایلیمنڑی ایجوکیشن

2: ثانوی تعلیم یا سکینڈری ایجوکیشن

3: اعلی تعلیم یا ہائیر ایجوکیشن

**ابتدائی تعلیم کسے کہتے ہیں؟**

پہلی جماعت سے لیکر آٹھویں جماعت تک کی تعلیم ابتدائی یا ایلیمنڑی ایجوکیشن کہلاتی ہے اسکا دورانیہ 8 سال ہےَ

**ثانوی تعلیم کسے کہتے ہیں؟**

دسویں جماعت تک کی تعلیم ثانوی اور بارہویں جماعت تک کی تعلیم اعلی ثانوی یا ہائیر ایجوکیشن کہتے ہیں۔

**اعلی تعلیم سے کیا مراد ہے؟**

تیرھویں جماعت سے لے کر سولہویں جماعت تک کی تعلیم اعلی تعلیم کہلاتی ہے۔

**پیشہ ورانہ تعلیم سے کیا مراد ہے؟**

پیشہ ورانہ تعلیم سے مراد تعلیم و تربیت کا ایسا پروگرام ہے جسکے تحت افراد کو مختلف مہارتیں سکھا کر مختلف شعبوں میں داخلے کے لیے تیار کیا جاتا ہے

**پیشہ وارنہ تعلیم کے چار اہم شعبوں کے نام تحریر کریں۔**

1: طب کی تعلیم

2: زراعت کی تعلیم

3: قانون کی تعلیم

4: ہوم اکنامکس کی تعلیم

**پاکستان میں تربیت اساتذہ کے اداروں کی تین اقسام لکھیں؟**

1: ادارہ ہائے تعلیم و تحقیق

2: کالجز آف ایجوکیشن

3: ایلیمنٹری ٹیچرز ٹریننگ کالجز

**زراعت کی تعلیم سے کیا مراد ہے؟**

زراعت کی تعلیم سے مراد ایسی تعلیم ہے جو زراعت کے شعور، ترقی، فروغ اور اس میں ٹیکنالوجی اور میڈیسن کے استعمال سے تعلق رکھتی ہے۔

**زندگی کے پانچ مختلف شعبوں میں کمپیوٹر کی خدمات کی فہرست تیار کریں۔**

زندگی کے مختلف شعبوں میں کمپیوٹر کی خدمات درج ذیل ہیں۔

1: ترسیل معلومات

2: کمپوزنگ

3: ڈیزائننگ

4: ذریعہ تدریس

5: تشخیص امراض

# باب نمبر3

# تعلیم کی بنیادیں

**اسلامی نظریہ حیات سے کیا مراد ہے؟**

اسلامی نظریہ حیات سے مراد ہے زندگی گزارنے کا ایسالائحہ عمل اور ضابطہ ہے۔جو اسلام نے پیش کیااس ضابطے کی بنیاد الہامی تعلیمات پر ہے۔

**تعلیم کی اسلامی بنیادیں بیان کریں۔**

1: کائنات کی حقیقت اصلیہ اللہ کی ذات ہے۔

2:اللہ کی ذات علم وہدایت کا سرچشمہ ہے۔

3:وحی مستند اور قطعی ذریعہ علم ہے۔

**ذرائع علم سے کیا مراد ہے؟**

ذرائع علم سے مراد وہ وسائل اور طریقے ہیں جنکے ذریعے علم ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتا ہے یہی طریقے علم کے حصول کا ذریعہ بنتے ہیں۔

**حواس خمسہ سے کیا مراد ہے؟**

ذرائع علم سے مراد ہے خدا کی طرف سے انسان کو دیئے گے وہ پانچ حواس ہیں جو حسی علم کے لیے بنیاد کا کام دیتے ہیں۔

**عقل سے کیا مراد ہے؟**

عقل سے مراد فرد کی وہ صلاحیت ہے جو اسے معلومات اور حقائق کے فہم، تجزیہ اور تعبیر کے قابل بناتی ہے۔

**حواس خمسہ کے نام لکھیں۔**

1: دیکھنے کی قوت

2:سننے کی قوت

3: چھونے کی قوت

4:سونگھنے کی قوت

5: چکھنے کی قوت

**وجدانی علم سے کیا مراد ہے؟**

وجدانی علم سے مراد وہ حقائق اور معلومات ہیں بغیر کسی منظم شعوری کوشش کے انسان کے لاشعور سے شعور میں آجائیں۔

**اسنادی علم سے کیا مراد ہے؟**

اسنادی علم سے مراد وہ معلومات اور حقائق ہیں جو علم کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے دانش وروں اور ماہرین سے حاصل ہوتے ہیں اس علم کی بنیاد ذاتی تجربے کی بجائے سند یا روایات پر ہو۔

**علم وحی سے کیا مراد ہے؟**

علم وحی سے مراد وہ ہدایت اور تعلیمات ہیں جو اللہ کی طرف سے پیغمبروں کے ذریعے تمام انسانوں تک پہنچی ہیں۔

**تعلیم کی فلسفیانہ بنیاد سے کیا مراد ہے؟**

تعلیم کی فلسفیانہ بنیاد سے مراد ہے کسی قوم کا نظام اس طرح تشکیل دینا کہ قومی فلسفہ حیات تعلیمی عمل میں سمویا جا سکے۔

**فلسفہ سے کیا مراد ہے؟**

فلسفہ کے لغوی معنی عقل سے محبت کہ ہیں اصطلاحی معنوں میں فلسفہ عقل کی روشنی میں صداقت کی تلاش اور تصورات کی وضاحت کا عمل ہے۔

**فلسفہ اور تعلیم کا تعلق دو نکات سے واضح کریں۔**

1: فلسفہ تعلیم کو اسکے مقاصد سے آگاہ کرتا ہے۔

2: فلسفہ تعلیم کے عناصر کو مربوط اور منظم کرتا ہے۔

**فلسفہ کے تین اہم شعبوں کے نام لکھیں۔**

1: تصور حقیقت (وجودیات)

2: تصور اقدار (قدریات)

3: تصور علم (علمیات)

**تصور حقیقت (وجودیات) کن امور پر بحث کرتا ہے؟**

تصور حقیقت میں انسان، کائنات خالق اور ان تینوں کے باہمی تعلق کی وضاحت کی جاتی ہے۔

**تصور علم (علمیات) کے تین بنیادی سوالات تحریر کریں۔**

1: علم کا سرچشمہ کیا ہے؟

2: علم کے ذرائع کیا ہیں؟

3: علم کی حدود کیا ہیں؟

**تعلیمی نفسیات سے کیا مراد ہے؟**

تعلیمی نفسیات، نفسیات کی ایسی اطلاقی شاخ ہے جو عمومی نفسیات کے اصولوں اور دریافتوں کو عمل تعلیم میں استعمال کرتی ہے۔

**تعلیمی نفسیات کے اہم مقاصد تحریر کریں۔**

1: اساتذہ طلبہ کی رہنمائی

2: تعلم و تدریس میں پیش آنے والے مسائل کا نفسیاتی اصولوں کی روشنی میں حل۔

**تعلیم کی معاشرتی بنیاد سے کیا مراد ہے؟**

تعلیم کی معاشرتی بنیاد سے مراد ہے نظام تعلیم کی تشکیل میں فرد کی معاشرتی ضرورتوں کو پیش نظر رکھنا ہے۔

**تعلیم اور معاشرے کے درمیان تعلق کیوں ضروری ہے؟**

1: تعلیم کا عمل خلا میں انجام نہیں پاتا یہ معاشرے میں جاری کیا جاتا ہے۔

2: معاشرے کی خواہشات کی تکمیل عمل تعلیم کے ذریعے ہوتی ہے۔

**تعلیم اور معاشیات (معیشت) کا تعلق واضح کریں۔**

1: تعلیم فرد کو مختلف پیشوں کی تربیت دے کر انفرادی اور اجتماعی معاشی ترقی کا راستہ ہموار کرتی ہے۔

2: اگر تعلیم نہ ہو گی تو معاشی ترقی کا سلسلہ روک جائے گا۔

**مللک کے نظام تعلیم میں معاشی ترقی کے لیے کن خصوصیات کا ہونا ضروری ہے؟**

1: فنی اور پیشہ ورانہ تعلیم کے حصول کے لیے ذرائع فراہم کریں۔

2: سائنس اور ٹیکنالوجی میں ترقی کیلیے مناسب اور اہل افرادی قوت تیار کرے۔

**تعلیم کے علمی فوائد لکھیں۔**

1: علمی سرمایہ کی حفاظت

2: سائنس اور ٹیکنالوجی کی ترقی

3: علوم کی حدود میں وسعت

**تعلیم کے اخلاقی فوائد کونسے ہیں؟**

1: تعمیر کردار

2: قومی اخلاقی اقدار کی اشاعت

3: معاشرتی پاکیزگی کا ماحول

**تعلیم کے تین سیاسی فوائد کونسے ہیں؟**

1: جمہوری اقدار کا فروغ

2: سیاسی شعور کی بیداری

3: قومی اتحاد و یگانگت

**تعلیم کے معاشی فوائد لکھیں۔**

1: ہنر مند اور باصلاحیت افراد کی فراہمی

2: روز گار کے مواقعوں میں اضافہ

3: انفرادی و اجتماعی معاشی استحکام

**فرد کے لیے معاشرہ کیوں ضروری ہے؟**

1: معاشرہ کی بدولت نسل انسانی کے تحفظ، بقا اور تسلسل کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔

2: معاشرہ فرد کی ذاتی ضروریات اور تقاضوں کی تکمیل کا باعث بنتا ہے۔

# باب نمبر4

## انسانی نشوونما

**بالیدگی اور نشوونما سے کیا مراد ہے؟**

**بالیدگی:**

بالیدگی سے مراد ہے انسان کی لمبائی، چوڑائی اور وزن میں ایسا اضافہ ہے جسکو پیمائش کے ذریعے معلوم کیا جاسکتا ہے۔

**نشوونما**

نشوونما سے مراد ہے شکل وصورت اور جسامت میں تبدیلیاں ہیں جو کام کرنے کی صلاحیتوں میں اضافے کا باعث بنتی ہے۔

**بچے کی نشوونما اور بالیدگی کے وراثتی اصول تحریر کریں۔**

بچے کی نشوونما اور بالیدگی کے تین وراثتی اصول ہیں۔

1:اصول مشابہت

2:اصول غیر مشابہت

3:اصول مراجعت

**اصول مشابہت سے کیا مراد ہے؟**

توارث کا اصول مشابہت اس حقیقت کا ترجمان ہے کہ مشابہ چیزوں سے مشابہ چیزیں جنم لیتی ہے۔

**اصول غیر مشابہت سے کیا مراد ہے؟**

توارث کا اصول غیر مشابہت اس حقیقت کا عکاس ہے کہ مشابہ چیزوں سے غیر مشابہ چیزیں بھی جنم لے سکتی ہیں۔

**اصول مراجعت سے کیا مراد ہے**

اصول مراجعت سے مراد انسانی نمو کا رخ انتہا سے وسط کی جانب ہوتا۔اسی اصول کے تحت غیر معمولی صلاحیتوں کے حامل والدین کے بچے اپنے والدین کی نسبت کم غیر معمولی صلاحیتوں کے حامل ہوتے ہیں۔

**انسانی نشوونما کے اہم اصولوں کی فہرست تحریر کریں**

1:انسانی نشوونما ایک منظم عمل ہے۔

2:انسانی نشوونما ایک ارتقائی عمل ہے

3:نشوونما ایک مسلسل عمل ہے۔

4:انسانی نشوونما ایک مربوط عمل ہے۔

**انفرادی اختلاف سے کیا مراد ہے۔**

انفرادی اختلاف سے مراد مختلف افراد کے درمیان صلاحیتوں اور خصوصیات کے اعتبار سے فرق کا پایا جانا ہے انہی اختلاف کی وجہ سے ایک فرد کی دوسرے افراد سے ممتاز نظر آتا ہے۔

**انفرادی اختلاف کی نوعیت کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟**

انفرادی اختلاف کی نوعیت کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1: موروثی یا پیدائشی اختلافات

2: ماحولیاتی اختلاف

**انفرادی اختلافات کی اقسام کتنی ہیں؟**

انفرادی اختلافات کی تین اقسام

1: جسمانی اختلافات

2: ذہنی اختلافات

3: جذباتی اختلافات

**ایک معلم کے لیے انفرادی اختلافات کا علم کیوں ضروری ہے؟**

انفرادی اختلافات کے علم کی بدولت معلم اس امر سے آگاہ ہوتا ہے کہ کسی طالب علم کی صلاحیتیں کیا ہیں اور انھیں کسطرح عمل میں استعمال میں لایا جاسکتا ہے۔

**طلبہ میں پائے جانے والے پانچ تعلیمی اختلافات لکھیں**

تعلیمی اختلافات درج ذیل ہے۔

ذہانت، معاشی رتبہ، رویہ، رجحان، معاشرتی رتبہ

# باب نمبر 5 تعلم

**تعلم سے کیا مراد ہے؟**

تعلم سے مراد ہے ماحول میں پیش آنے والے تجربات کی بنیاد پر فرد کے کردار میں رونما ہونے والی ایسی تبدیلیاں ہیں جو اسے بہتر زندگی گزارنے اور درپیش مسائل حل کرنے کے قابل بناتی ہیں

**تعلم کی چار اہم خصوصیات بیان کریں۔**

تعلم ایک مسلسل عمل ہے

تعلم ایک شعوری عمل ہے

تعلم ایک ذہنی سرگرمی ہے

تعلم کے نتیجے میں پیدا ہونے والی تبدیلی

تبدیلی کیلئے بنیاد فراہم کرتی ہے۔

**تعلم کے نتیجے میں پیدا ہونے والی تین اہم تبدیلیوں کے نام تحریر کریں۔**

۱: فطری تبدیلیاں

۲: عارضی تبدیلیاں

۳: مستقل تبدیلیاں

**تعلم بذریعہ سعی و خطا سے مراد ہے؟**

تعلم بذریعہ سعی و خطا سے مراد ہے ایسا طریقہ تعلم ہے جس میں کسی کام کو سیکھنے یا انجام دینے کے لیے مختلف حرکات اختیاری کی جاتی ہیں۔ یہ حرکات اس وقت تک جاری رہتی ہیں جس وقت تک مطلوبہ مقصد حاصل نہ ہو جائے۔

۱: مسئلہ درپیش ہونا

۲: مسئلہ کی نشاندہی کرنا

۳: مسئلہ کے حل کی کوشش کرنا

۴: اتفاقیہ کامیابی ہونا

۵: کامیابی کی صورت میں مسئلہ کا حل دہرانا

۶: حل کی مشق کانا

۷: مناسب حل حاصل کرنا۔

**تعلم بذریعہ نقل (تقلید) سے کیا مراد ہے؟**

تعلم بذریعہ تقلید (نقل) سے مراد ہے کسی فرد کا دوسروں کے کردار کا مشاہدہ کر کے اسے خود کرنا اس طریقہ تعلم میں بچہ دوسروں کو کچھ کرتے ہوئے دیکھتا ہے اور خود نقل کر کہ اسے اپنے کردار کا حصہ بنالیتا ہے۔

**تعلم بذریعہ تقلید (نقل) کے اہم اقدامات، اجزا یا امور تحریر کریں؟**

1: کسی فرد کو کام کرتے ہوئے دیکھنا

2: مشاہدہ کیے گے کام کو خود کرنا

3: ناکامی کی صورت میں غلطیوں کی نشاندہی کرنا

4: غلطیوں پر قابو پانا

5: دوبارہ ہو بہو سرگرمی انجام دینا

6: بار بار کی مزق سے کام میں مہارت حاصل کرنا

**تعلم بذریعہ بصیرت سے کیا مراد ہے؟**

تعلم بذریعہ بصیرت سے مراد ہے کسی فرد کا سابقہ علم و تجربہ اور مہارت کی بنیاد پر ذہنی صلاحیتوں کو استعمال میں لاتے ہوئے کسی کام کو سیکھنا یا مسئلہ حل کرنا ہے۔

**تعلم بذریعہ بصیرت کے اہم اقدامات تحریر کریں؟**

کوئی مسلہ یا مقصد سامنے آنا

ماحول کا فہم ہونا

مسلہ کے حل کے لیے محرک کا موجود ہونا

مسئلے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لینا

مسلے کے حل کے لیے ممکنہ وسائل پر غور کرنا

شعوری کوشش سے مسلے کا حل تلاش کرنا

مسلے کے حل سے ہونے والے تعلم کو کردار کا حصہ بنانا

**تعلم بذریعہ عمل سے کیا مراد ہے؟**

تعلم بذریعہ عمل سے مراد ہے ایسا تعلم ہۓ جو عملی تجربات اور عملی سرگرمیوں میں شرکت کے نتیجے میں فرد کے کردار کا حصہ بنتا ہے مثلا خوش خطی گھوڑ سواری

**تعلم بذریعہ عمل کے اہم اقدامات**

1: مقصد یا مسلہ کا تعین

2: حصوٗل مقصد کے لیے مختلف اقدامات پر غور

3: موزوں اقدام کا انتخاب

4: منتخب شدہ اقدام پر عمل

**تھارن ڈائیک کے تین اہم قوانین تعلم تحریر کریں**

قانون آمادگی

قانون مشق

قانون تاثیر

**قانون تعلم سے کیا مراد ہے؟**

قوانین تعلم سے مراد ہے وہ قاعدے اور بنیادیں ہیں جن کے تحت تعلم عمل جاری ہوتا ہے انہی قوانین ہی سے عمل تعلیم کو سائنی حیثیت ملی ہے۔

**قانون آمادگی سے کیا مراد ہے؟**

اس سے مراد یہ ہے کہ کوئی فرد کسی کام یا مہارت کو سیکھنے کے لیے جتنا زیادہ آمادہ ہو گا تعلم اتنا ہی سیر پا ہو گا اگر فرد کسی کام کو سیکھنے کے لیے ذہنی طور پر آمادہ نہیں تو عمل تعلم بھی بے کار ثابت ہو گا۔

**قانون مشق سے کیا مراد ہے؟**

قانون مشق سے مراد یہ ہے کہ جس کام کو کثرت سے یا بار بار کیا جائے گا تعلم اتنا ہی دیر پا اور مفید ہو گا مثلا سائیکل چلانے کی مشق وغیرہ

**آمادگی پر اثر انداز ہونے والے عوامل کون سے ہیں؟**

ذہنی سطح، طبعی رجحان، سابقہ علم، تھکاوٹ

**قانون تاثیر سے کیا مراد ہے؟**

قانون تاثیر سے مراد ہے کہ تعلم کے سلسلے میں کام کرنے والے پر جیسے اثرات مرتب ہونگے تعلم بھی ویسا ہی ہو گا۔ اگر کام کے نتائج خوشگوار ہونگے تو تعلم پختہ ہو گا اور اگر نتائج ناکامی یا تکلیف دہ ہو ہے تو بچہ اس کام سے گریز کرے گا

**تعلم کی شرائط سے کیا مراد ہے؟**

تعلم کی شرائط سے مراد وہ تقاضے اور عوامل ہیں جو تعلم کے مثبت یا منفی اثر ڈالتے ہیں عمل تعلم میں کامیابی کے لیے ان شرائط کی تکمیل ضروری ہوتی ہے

**تحریک سے کیا مراد ہے؟**

تحریک سے مراد ہے کسی فرد کی داخلی کیفیت ہے جو اس میں کسی مقصد کو پانے یا مہارت سیکھنے کی لگن اور ترغیب پیدا کرتی ہے۔

**محرک سے کیا مراد ہے؟**

محرک سے مراد ہے کسی فرد کی وہ کیفیت ہے اسی کیفیت کی بدولت کوئی فرد تعلیمی امور میں اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرتا ہے اس کیفیت کی عدم موجودگی میں فرد عمل تدریس میں ناکام رہتا ہے

**تین ایسے عوامل تحریر کریں جن کے باعث افراد کی دلچسپیوں میں اختلاف ہوتا ہے؟**

عمر، حالات اور جنس کی بنیاد پر افراد کی دلچسپیوں میں فرق یا اختلاف پایا جاتا ہے۔

**توجہ کی تعریف لکھیں؟**

توجہ سے مراد فرد کا کسی عمل یا کام کی طرف دھیان دے کر اس کام کو کرنا ہے توجہ سے مراد شعور اور فہم کا وہ لمحہ ہے جس میں کوئی فرد خارجی ماحول کے کسی عنصر پر توجہ مرکوز کر کے دیگر عناصر کو نظر انداز کر دیتا ہے

**تعلم کی معنویت سے کیا مراد ہے؟**

تعلم کی معنویت (با معنی ہونا) سسے مراد تعلم کا فائدہ مند ہونا معاشرتی طور پر قابل قبول ہونا اور حصول مقصد میں مددگار ثابت ہونا ہے۔

**کرداری نظریہ تعلم سے کیا مراد ہے؟**

کرداریت ایک ایسانقطہ نظر ہے جسکے مطابق نفسیات ایک معروضی علم ہے جو صرف قابل مشاہدہ قابل پیمائش اور قابل بیان کردار کا مطالعہ کرتا ہے

**وقوفی نظریہ سے کیا مراد ہے؟**

وقوفی نظریہ تعلم ایسا نظریہ تعلم ہۓ جسکے مطابق فرد کی سوچ اور علم میں تبدیلی سے فرد کا ظاہری کردار متاثر ہوتاہے یعنی فرد کا ظاہری کرداری اسکی باطنی صورتحال کا ترجمان ہوتاہے۔

**کردایت (کرداری نظریہ تعلم) کے حامی تین ماہرین نفسیات کے نام لکھیں**

کلاسیکی تشریط پاولوف نے پیش کیا

فعلیاتی تشریط سکنز نے پیش کیا

نظریہ ربط تھارن ڈائیک نے پیش کیا

**وقوفی نظریہ تعلم کے تین اہم ماہرین نفسیات کے نام لکھیں**

کوفکا

کوہلر

ورتھیمر

وگوٹسکی

رابرٹ گانے

پیاجے برونر

# باب نمبر 6 معاشرتی کمیونٹی اور تعلیم

**معاشرہ اور کیمونٹی میں کیا فرق ہے؟**

معاشرہ ایک جغرافیائی خطے میں رہائش پذیر افراد کا ایسا گروہ ہے جو مشترکہ ثقافت کا حامل ہو اور سکے مشترکہ مفادات ہوں سکے برعکس کیمونٹی معاشرے کی ایک اکائی ہے اور افراد کا ایسا چھوٹا گروہ ہے جو معاشرے میں رہتے ہوئے زندگی کی ایسی سرگرمیوں میں ایک دوسرے سے تعاون کرتا ہے۔

**معاشرے اور تعلیم کا تعلق تین نکات میں بیان کریں۔**

1- تعلیم معاشرے کی خواہشات کو عملی شکل دیتی ہے۔2- عملِ تعلیم کے لیے معاشرے کا وجود ضروری ہے۔3- تعلیم کے ذریعے افراد کو کامیاب معاشرتی زندگی گزارنے کے قابل بنایا جاتا ہے۔

**معاشرے کی نمو میں تعلیم کا کردار بیان کریں۔**

1- تعلیم معاشرے کے افراد کی صلاحیتوں کی پرورش کر کے انھیں باشعور شہری بناتی ہے۔2- تعلیم کے ذریعے سے معاشرتی اقدار وروایات اور معاشرتی فہم ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل ہوتے ہیں۔

**تعلیم کے پانچ فوائد تحریر کریں۔**

ا۔ تعلیم سے فرد کی شخصیت کی تکمیل ہوتی ہے۔2۔ تعلیم سے تہذیب انسانی کی نمو ہوتی ہے۔3۔ تعلیم سے معاشرتی استحکام کی منزل حاصل ہوتی ہے۔

**معاشرے کو متحد رکھنے والے عوامل کی نشاندہی کریں۔**

1۔ مشترکہ فلسفہ حیات۔2۔ مشترکہ ثقافت 3۔ مشترکہ نظام تعلیم۔4۔ مشترکہ جغرافیہ

## باب نمبر 7 رہنمائی اور مشاورت

**رہنمائی کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم بیان کریں۔**

لغوی مفہوم کے مطابق؛رہنمائی سے مراد ہدایت دینا، مدد کرنا، تعاون کرنا اور راستہ کی نشاندہی کرنا۔

اصطلاحی مفہوم کے مطابق؛رہنمائی ایک ایسا عمل ہے جسکے ذریعے سے فرد کو اسکی ذات سے آگاہ کر کے اسے مسائل پر قابو پانا اور دستیاب مواقعوں سے فائدہ اٹھانا سکھایا جاتا ہے۔

**تعلیمی رہنمائی سے کیا مراد ہے؟**

تعلیمی رہنمائی سے مراد تعلیمی ماحول میں تعلم و تدریس، متعلم تعلقات اور سکول سے مطابقت سے منسلکہ مسائل کے حل کے سلسلے میں طلبہ کو دی جانے والی مدد ہے۔

**نفسیاتی رہنمائی سے کیا مراد ہے؟**

نفسیاتی رہنمائی ایک ایسا عمل ہے جس میں ایک ماہرِ نفسیات فرد کے ذہنی کردار سے متعلقہ مسائل کی نشاندہی کر کے ان کا مناسب حل تجویز کرتا ہے۔

**پیشہ ورانہ رہنمائی سے کیا مراد ہے؟**

اس طرح کی رہنمائی میں کسی بھی شخص کو کوئی پیشہ اپنانے اور اس میں کامیاب ہونے کے لیے درکار رہنمائی ہوتی ہے۔ مثلاً کون سا پیشہ اختیار کیا جائے؟

**معاشرتی رہنمائی سے کیا مراد ہے؟**

ہر انسان کامیاب اور خوشگوار زندگی گزارنے کی خواہش رکھتا ہے اور اسکے کیے کوشش کرتا ہے۔ اس مقصد کے لیے حاصل کی گئی رہنمائی معاشرتی یا سماجی رہنمائی کہلاتی ہے۔

**کارل راجرز کے مطابق مشاورت کسے کہتے ہیں؟**

کارل راجرز کے مطابق مشاورت دو افراد کے درمیان براہِ راست اور مسلسل گفتگو کا ایسا عمل ہے جسکا مقصد مشکل کے شکار فرد کو اسطرح مدد کرنا ہے جس سے وہ اپنی رائے، طرزِ فکر، رویے اور کردار میں بہتر تبدیلی پیدا کر سکے۔

**مشاورت کے تین اہم عناصر تحریر کریں۔**

1۔ مشار (مشورہ لینے والا) 2۔ مشیر (مشورہ دینے والا) 3۔ مسلئہ

**تعلیمی عمل میں مشاورت کیوں ضروری ہے؟**

1۔ مشاورت فرد کی زندگی میں کامیابیوں کی راہ کا تعین کرتی ہے۔ 2۔ مشاورت سے فرد کی نفسیاتی الجھنوں کا خاتمہ ہوتا ہے۔

**مشاورت کے طریق کار کی کتنی قسمیں ہیں؟**

1۔ انفرادی مشاورت؛اس مشاورت میاں مشیر کا کسی ایک فرد کے مسلئہ کا حل کرنے میں مدد کرنا ہے۔

2۔ گروہی مشاورت؛اس مشاورت میں مشیر کا بیک وقت ایک سے زیادہ افراد کے مسائل کا حل کرنے میں مدد کرنا ہے۔

**ہدایاتی مشاورت سے کیا مراد ہے؟**

ہدایاتی مشاورت سے مراد ایسا عمل ہے جس میں کسی فرد کو اسکے مسلئے کے حل کے لیے اپنے مشیر کے تجربات، معلومات اور ذاتی خواہش کے تابع ہو۔

ہدایاتی مشاورت کا بانی ولیم سن ہے۔

**غیر ہدایاتی مشاورت سے کیا مراد ہے؟**

اس میں مشیر مشار کی اسطرح مدد کرتا ہے کہ وہ اپنی صلاحیتیں بروئے کار لا کر نہ صرف مسائل حل کر سکے بلکہ مستقبل میں پیش آنے والے مسائل سے نمٹنے کے لیے ضروری تربیت کا حامل بھی ہو سکے۔ اس مشاورت کے آغاز اقر فروغ میں کارل راجر اور اس کے پیروکاروں کا عمل دخل ہے۔

# باب نمبر 8 نصاب سلیبس اور درسی کتب

**سلیبس اور درسی کتب سے کیا مراد ہے؟**

**سسلیبس** عنوانات کی وہ فہرست ہے جسے طلبہ مدرسہ میں کسی خاص مضمون کے مطالعے کے دوران پڑھتے ہیں۔

**کورس** سے مراد سلیبس میں درج عنوانات کی تفصیل ہے اس میں یہ بھی واضح کیا جاتا ہے س کہ کسی عنوان کو کتنے ذیلی عنوانات کی شمولت سے پڑھایا جا ئے گا

**درسی کتب** درسی کتب سے مراد وہ بنیادی کتاب ہے جو کسی مخصوص تدریسی کورس کے پورے پروگرام کے لیے بنیاد کا کام دیتی ہے۔

**اچھی درسی کتب کی خصوصیات تحریر کریں**

ا: یہ نصاب کے بیان کردہ مقاصد سے ہم آہنگ ہوتی ہے

۲: اس میں تمام موضوعات میں ترتیب تسلسل اور توازن پایا جاتا ہے

۳: یہ متعلقہ سطح کے طلبہ کی ذہنی سطح اور تعلیمی ضروریات سے ہم آہنگ ہوتی ہے

۴: اسکے مواد میں گرائمر عبارت اور کتابت کی غلطیاں موجود نہیں ہوتی۔

**عناصر نصاب سے کیا مراد ہے؟ اور کونسے ہیں؟**

عناصر نصاب سے مراد نصابی عمل کے وہ ضروری اجزا ہیں جنکے باعث تدریسی سرگرمیاں با معنی اور موثر قرار پاتی ہیں۔

ا: مقاصد نصاب

۲: نصابی مواد

۳: طریقہ تدریس

۴: نصابی جائزہ

**نصابی جائزہ سے کیا مراد ہے؟**

نصابی جائزہ سے مراد ہے ایک ایسی سرگرمی ہے جس میں دیکھا جاتا ہے کہ عمل تدریس کے ذریعے مقاصد نصاب کے حصوال کی جو کوشش کی گی تھی اس میں کس حد تک

کامیابی ہوئی ہے۔

**جائزہ سے کیا مراد ہے؟**

نارمن گرون لنڈ کے مطابق جائزہ ایک ایسا باقاعدہ طریق کار ہے جس میں یہ جاننے کی کوشش کی جاتی ہے کہ طلبہ نے تربیتی مقاصد کس حد تک حاصل کیے ہیں۔

**پیمائش سے کیا مراد ہے؟**

نارمن گرون لنڈ کے مطابق پیمائش سے مراد ہو طریق کار ہے جس میں ہو درجہ معلوم کیا جاتا ہے جس حد تک کوئی فرد ایک خاص خصوصیت کا مالک ہو تا ہے

آزمائش سے کیا مراد ہے ؟

آزمائش سے مراد سوالات اور بیانات کا ایسا سلسلہ وار مجموعہ ہے جو فرد کے درجہ علم کارکردگی یا رجحان کے تعین کے لیے تیار کیا گیا ہو۔

**تخمین کے معنی بیان کریں**

تخمین کے معن اندازہ لگانا، قیاس کرنا یا عمومی حساب لگانا ہے،۔

**تخمین سے کیا مراد ہے ؟**

نارمن گرون لنڈ کے مطابق تخمین ایک ایسا طرز عمل ہے جس میں ہر وقت بر محل اور برخستہ اندازے لگائے جاسکتے ہیں۔

**تعلیمی جائزے کی مختلف طریقے (جہتیں، پہلو) کونسے ہیں؟**

۱: آزمائش

۲: پیمائش

۳: تخمین

**تعلیمی جائزے اور تخمین کی اہمیت کے نکات درج کریں؟**

۱: طلبہ میں تعلیم تحریک پہدا کرنا

۲: طلبہ کو اگلی جماعت میں ترقی دینا

۳: طلبہ کی گروہ بندی کرنا

۴: اعلی تعلیم اور ملازمتوں کے لیے انتخاب